## سوال

خوارج-کون-ہیں

## جواب

خوارج کون ہیں ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ خوارج کون ہیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! خارجی دراصل وہ لوگ ہیں جو حضرت علی کی فوج سے اس بنا پر علیحدہ ہوگئے کہ انھوں نے حضرت امیر معاویہ کی ثالثی کی تجویز منظور کرلی تھی ۔ خارجیوں کا نعرہ تھا کہ ''حاکمیت صرف اللہ ہی کےلیے ہے'' انھوں نے مقام حروراءمیں پڑاؤڈالااور کوفہ، بصرہ، مدائن وغیرہ میں اپنے عقائد کی تبلیغ شروع کردی ۔ ان کا عقیدہ تھا کہ دینی معاملات میں انسان کو حاکم بنانا کفر ہے اور جو لوگ ایسے فیصلوں کو تسلیم کرتے ہیں وہ واجب القتل ہیں ۔ ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث